شبق: ۱۰

دیمک



میرا نام ہے دیمک
مٹی میری دنیا ہے
لکڑی میرا کھانا ہے
سر سر سر سر چلتی ہوں
منہ پہ مٹی ملتی ہوں
میرا نام ہے دیمک
بھولی بھالی لگتی ہوں
چیونٹی جیسی لگتی ہوں
کپڑوں کو کھا جاتی ہوں
کاغذ پر چھا جاتی ہوں
میرا نام ہے دیمک
بڑھ جاتی ہے بھوک اور پیاس
میں جب دیکھوں پھوس اور گھاس
کٹیا کو تو چرتی ہوں
اینٹ پہ آہیں بھرتی ہوں
دیمک کہلاتی ہوں میں

مشق

۱۔ نقشہ دیکھ کر پڑھیئے:

اینٹ

دیمک

کوّا

کدو



گھر

پلنگ

آنکھ

گھڑی

گھنٹی

۲۔ ''ر'' کو ''ڑ'' سے جوڑتے چلیں۔

روزی
در
روٹی
رانی
راستہ
روز
راجا
ڈر
راج
روشنی
روز
در
رات
رٹ

۳۔(الف) گ

چھتری کے نیچے دیے گیے حرفوں کو چھتری کے اوپر لکھے گیے حرف ''گ'' سے جوڑ کر پڑھیئے۔جیسے آ+گ=آگ

(ب) ''ف'' حروف والے الفاظ کو لکیر کے ذریعے چوہے کی دم میں باندھیے۔

گھر فوّارہ داغ

فٹ بال فائدہ فن

۴۔

''ش'' والے لفظوں کو لکیر کے ذریعے ''ش'' سے جوڑیئے۔

آیئے پڑھیں :

کوّا بولے کا کا

بگلا بولے آ آ



٦۔ آیئے، ہم جوڑیں۔ جیسے



۸۔ چار دائروں میں دیے گیے نقشوں کو غور سے دیکھیے۔ ان میں سے جو الگ ہو اس پر x نشان لگائیے۔

۹۔ دیکھئے اور لکھئے:

جال

بندو ___

ٹوپی

ٹیلی فو ___

بکری

___ کٹ

سورج

گد ___

۱۰۔ پڑھیے:

ذرا	کاغذ	چرخہ	لیچی	کعبہ
بڑا	لفظ	لباس	پیاز	شیر
پیٹ	قرآن	وادی	انگور	پیر
کون	آواز	ناک	سر	ادرک

روپا کا گھر دور بہت ہے

بچو جلدی جلدی آؤ